سوال

(651) سجدہ کے بعد اُٹھتے ہوئے ٹیک لگانے کی کیفیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نئی رکعت کے لیے اٹھتے وقت ہاتھوں کو ٹیک لگانے کی کیفیت کون سی ہے؟ آیا ہتھیلیوں کے ذریعے ٹیک لگائیں یا مٹھیاں بند کر کے؟ اور اگر دونوں کیفیات صحیح احادیث سے ثابت ہیں تو ترجیح کس کو ہوگی اور کن دلائل کی بناء پر؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اٹھتے وقت دونوں ہاتھ زمین پر ٹیکتے ہوئے مٹھیاں بند رکھنی چاہئیں۔ جیسا کہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل مروی ہے۔ اس کو حربی نے ''غریب الحدیث'' میں روایت کیا ہے۔ علامہ البانی رحمہ اللہ سے احادیثِ ضعیفہ (۲/۳۹۲) میں اس کی سند کو حسن کہا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 564

محدث فتویٰ